**21/07/2025**

**09.25 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ  فارق احمد سے خبریں سُنئے**

**لیفٹیننٹ گورنر**

**لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے کہا ہے کہ جموں و کشمیر پولیس شجاعت ،خدمت اور قربانی کی ایک مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کی تاریخ اُن بہادر اہلکاروں کے لہو سے لکھی گئی ہے جنہوں نے قومی اتحاد کو مضبوط کیا نیز اَمن قائم کر کے نئی اُمید یں پیدا کیں اور جموں و کشمیر کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لئے اَپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ ان باتوں کا اظہار انہوں نے سرینگر میں پولیس کی طرف سے منعقدہ "Pedal through Paradise" نامی سائیکل ریس کے بعد انعامی تقریب سے خطاب کر نے کے دوران کیا ۔**

**------------**

**لیفٹیننٹ گورنر بال تال**

**لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہانے کل بال تال بیس کیمپ کا دورہ کر کے شری اَمرناتھ جی یاتراکے تعلق سے اِنتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔لیفٹیننٹ گورنر نے کیمپ ڈائریکٹر، ضلع اِنتظامیہ، پولیس اور سیکورٹی ایجنسیوں کے اَفسران کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کی جس میں یاتریوں کی آسان اور محفوظ آواجائی کو یقینی بنانے کے لئے کئے جا رہے اَقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اُنہوں نے متعلقہ اَفسران کو ہدایت دی کہ وہ حساس مقامات پر یاتریوں کی سلامتی کے لئے ٹھوس اَقدامات کو یقینی بنائےں۔ بعد میں لیفٹیننٹ گورنر نے بال تل بیس کیمپ کے ہسپتال کا دورہ کیا ۔ انہوں نے وہاں ڈاکٹروں اور طبی عملے سے بات چیت کرکے یاتریوں کے لئے دستیاب طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔**

**پارلیمنٹ**

**پارلیمنٹ کا مانسون اجلاس آج سے شروع ہو رہا ہے۔ اجلاس سے قبل مرکزی وزیر اور راجیہ سبھا میں ایوان کے لیڈر جے پی نڈّا نے ایک کل جماعتی میٹنگ کی صدارت کی جس دوران**

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں معمول کی کارروائیوں کیلئے حزب اختلاف جماعتوں کا تعاون طلب کیا گیا۔میٹنگ کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ یہ میٹنگ بہت مفید رہی جس دوران مختلف پارٹیوں نے ان مسائل کا ذکر کیا جو وہ آنے والے اجلاس کے دوران ایوان میں اٹھانا چاہتے ہیں۔

پاسپورٹ وین

وزارت خارجہ میں جوائنٹ سیکریٹری اور چیف پاسپورٹ آفیسر ڈاکٹر کے جے سرینواسا نے کل سرینگر سے کرگل کے لئے خصوصی موبائل پاسپورٹ وین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا ۔ پاسپورٹ وین رواں ما ہ کی 25 تاریخ تک کرگل اور اس کے ملحقہ علاقوں کے شہریوں کے لئے حج بیت اللہ 2026 کے پیش نظر متعلقہ خدمات فراہم کرنے میں مدد دے گی ۔ ڈاکٹر کے جے سرینواسا نے کہا ہے کہ یہ وین ملک کے دور دراز علاقوں کے لوگوں تک قابل رسائی خدمات فراہم کرنے کے مرکزی حکومت کے عزم کی عکاسی کرتی ہے ۔ بعد میں انہوں نے سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔ انہوں نے راج بھاشا ہندی پتر یکا کے پہلے ایڈیشن کو بھی جاری کیا ۔ اس موقعہ پرریجنل پاسپورٹ آفیسر سرینگر بی ایس راوت بھی موجود تھے ۔

یاترا

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا پہلگام اور بال تل دونوں راستوں سے خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق آج صبح آٹھ بجے تک مجموعی طور پر 3 لاکھ 6 ہزار 256 یاتری پوتر گھپا میں حاضری دے کر شیو لنگم کے در شن کر چکے ہیں ۔

جبکہ جموں سے بھی آج مزید 3 ہزار791 یاتر یوں کا ایک اور قافلہ وادی کی طرف روانہ ہوا ۔

پولیس

میں Ganishbal پوائنٹ X ray کے ذریعے Facial Recognition System اننت ناگ پولیس نے تشخیص کے بعد ایک مشکوک شخص کو گرفتار کیا ۔ تفتیش کے بعد پتہ چلا ہے کہ یہ شخص ایکٹ کے Explosive Substances اور UAPA ملک محلہ درنگبل پانپور کا رہائشی ہے جو کہ نظام کے توسط سے Facial Recognition تحت درج معاملات میں مطلوب ہے۔ قابل ذکر ہے کہ ملزم کی پہچان نے مذکورہ سکیورٹی سسٹم کو ایک اثر دار سلامتی نظام کے طورپر اجا گر کیا ہے ۔

**بی جے پی**

**بی جے پی کے ضلع صدر گاندربل غلام حسن راتھر کی موجودگی میں ایک تقریب پر85 نوجوانوں نے بی جے پی میں شمولیت اختیار کی ۔ ایک پریس بیان کے مطابق ضلع صدر نے ان نوجوانوں کو پارٹی مینشمولیت اختیار کرنے پر ان کا خیر مقدم کیا ۔**

**درجہ حرارت**

**سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت23 اعشاریہ 8 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت**

**خدا حافظ**